ساتوں آسمان اور ساتوں زمین اللہ کی ہتھیلی میں ایسے ہیں جیسے تم میں سے کسی کی ہتھیلی میں رائی کا دانہ

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا: ”ساتوں آسمان اور ساتوں زمین اللہ کی ہتھیلی میں ایسے ہیں جیسے تم میں سے کسی کی ہتھیلی میں رائی کا دانہ“
[شیخ البانی نے اس حدیث کی تصحیح کو ابنِ تیمیہ رحمہ اللہ علیہ کے حوالہ سے نقل کیا ہے اور اس پر کوئی تبصرہ نہیں کیا ہے]
[اسے ابنِ جریر نے روایت کیا ہے - اسے امام ذہبی نے اپنی کتاب ”العلو“ میں روایت کیا ہے - اسے عبد اللہ بن امام احمد نے روایت کیا ہے]

ابن عباس رضی اللہ عنہما اس حدیث میں بیان کر رہے ہیں کہ ساتوں آسمان اور ساتوں زمین باوجود اس کے کہ بہت بڑے ہیں تاہم اللہ تعالی کی ہتھیلی میں ان کی حیثیت ایسے ہی ہے جیسے ہم میں سے کسی کی ہتھیلی پر رائی کا ایک چھوٹا سا دانہ ہوتا ہے یہ نسبت کی نسبت کے ساتھ تشبیہ ہے نہ کہ ہتھیلی کی ہتھیلی کے ساتھ کیونکہ اللہ کی تعالی کی جس طرح ذات کے ساتھ کوئی شے مشابہ نہیں اسی طرح اس کی صفات کے ساتھ بھی کوئی شے مشابہ نہیں ہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3412